ترتیب

السید تیسیر محمد یوسف الحسنی السمہودی

ترجمہ و تلخیص

افتخار احمد حافظ القادری

ناشر

محمد شاہد کلیم سہروردی — امتیاز احمد گورایہ

GOVERNMENT OF PAKISTAN

NATIONAL LIBRARY OF PAKISTAN

DELIVERY OF BOOKS AND NEWSPAPERS BRANCH,
CONSTITUTION AVENUE ISLAMABAD

No. F-4-8/99 Dated the 2-4-2001

RECEIPT

Dear Sir,

I acknowledge with thanks the receipt of one copy of each of the following book/books delivered under Section 47 of the Copyright Law, 1962 (XXXIV of 1962) as amended in 1992.

Title of book(s) received

(1) خزانہ درود و سلام صلی اللہ علیہ وسلم (5)

(2)

(3) زیارت حبیب صلی اللہ علیہ وسلم 2 عدد (3)
2 عدد

Yours faithfully,

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

زیارتِ حبیب ﷺ

تاریخ وتعدادِ اشاعت: (بار چہارم) جنوری 2003ء (500)

ہدیہ: دعائے مغفرت بحق امتِ محمدیہ ﷺ

یاارحم الراحمین بجاہ سید الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتاب ہذا کا اجر وثواب ان تمام کو عطا فرما

☆ حضور پاک ﷺ کی بعثت سے لے کر فَاِذَا نُقِرَ فِیْ النَّاقُوْرِ تک تمام امت مرحومہ
☆ تمام مومنین ومومنات، مسلمین ومسلمات جو ازل سے ابد تک تیرے علم میں ہیں
☆ امتیاز احمد گورایہ کے آباؤ اجداد، اولین تا آخرین مرد وزن، تمام اساتذہ ومشائخ، محسنین
دوست واحباب، اعزہ واقارب

افتخار احمد حافظ قادری

کتاب ملنے کا پتہ

امتیاز احمد گورایہ
اقبال آٹو انجینئرنگ ورکشاپ، ڈاکخانہ روڈ، تحصیل وضلع منڈی بہاؤالدین

ترتیب وتدوین

محمد منتصر أحمد حامد الحلوانی
الشیخ تیسیر محمد یوسف السمهودی

اردو ترجمہ و تلخیص

افتخار احمد حافظ قادری

رمضان المبارك 1421 هجری

دسمبر 2000 عیسوی

زیارتِ حبیب صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم

حضرت امام جلال الدین السیوطیؒ وہ عظیم اور خوش نصیب شخصیت ہیں کہ جنہیں نہ صرف خواب میں سرکارِ مدینہ ﷺ نے اپنے دیدارِ خاص سے نوازا، بلکہ بارہا مرتبہ حالت بیداری میں بھی سرکار ﷺ کے دیدار سے مشرف وفیض یاب ہوئے اور آپ ﷺ نے امام السیوطیؒ کو **شیخ الحدیث** کے مبارک لقب سے بھی نوازا، اور جنتی ہونے کی بھی بشارت فرمائی۔

حضرت امام السیوطیؒ کا تاریخ وصال **911**ھ اور مزار مبارک مصر کے شہر قاہرہ میں اب بھی مرجعِ خلائق ہے۔

انتساب

یارسول اللہ ﷺ

اس چھوٹی سے کوشش کو آپ ﷺ کی خدمت اقدس، آپ کے والدین کریمین، آپ ﷺ کی بابرکت آل بیت، ازواج مطہرات امہات المؤمنین رضوان اللہ علیہم اجمعین اور جو بھی آپ ﷺ کا چاہنے والا ہو ان سب کی خدمت میں ہدیہ کرتا ہوں۔ آپ ﷺ اسکو قبول و منظور فرمائیں۔

عرض مترجم

مہلت عمر بس اتنی مجھے ارزانی کر
دیکھ لیں میری نگاہیں وہ حسین نظارا

ہماری جانیں اس پاک اور منور قبر مبارک پر قربان ہوں جس میں آپ ﷺ آرام فرما ہیں۔ نبی اکرم ﷺ سے عشق و محبت ہی ہماری بخشش و مغفرت کا سبب بن سکے گی۔ گو کہ ہم اور ہمارے اعمال تو اس قابل نہیں کہ آپ ﷺ کی خواب یا حالت بیداری میں زیارت کی تمنا کی جائے لیکن یا رسول اللہ ﷺ آپ ہی کل کائنات کی سب سے ارفع و اعلیٰ وہ شخصیت ہیں کہ جن کا دیدار کرنا چاہئے۔ اس کیلئے نبی اکرم ﷺ سے انتہاء درجہ کی محبت اور اشد ادب کی ضرورت ہے۔ ہر وقت آپ کی طرف دھیان اور کثرت درود شریف کبھی سوئی ہوئی قسمت کو آ جگائے گی۔

بندہ ناچیز کی کتاب "زیارات مقدسہ" جلد دوم جو کہ ایران اور افغانستان میں موجود بزرگان دین کے مقامات مقدسہ کا تذکرہ ہے اس کے ابتدائیہ میں بندہ نے ایک آرزو اور دلی خواہش کا اظہار کیا تھا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ ایسے دنیاوی اسباب مہیا فرما دے کہ دیار حبیب ﷺ کے مقامات مقدسہ پر بھی ایک تذکرہ لکھ کر اپنے آقا و مولیٰ کی خدمت میں پیش کروں۔ آپ یقین کریں کہ

کتاب ابھی پریس میں ہی تھی کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے دیار حبیب ﷺ کی زیارت کا غیبی انتظام فرما دیا۔ الحمدللہ اکتوبر 2000ء میں سرکار ﷺ کی خدمت میں حاضری کا شرف حاصل ہوا اور پھر مقامات مقدسہ کے حوالے سے بھی کچھ کام کرنے کی توفیق نصیب ہوئی۔

سرکار ﷺ کی بارگاہ اقدس میں کوئی بھی بن بلائے نہیں آتا اور پھر مسجد نبوی کا کیا کہنا یہاں تو ہر وقت اولیاء اللہ تشریف فرما ہوتے ہیں اس مرتبہ اس بندہ ناچیز کو بھی ایک نیک شخصیت (جنہوں نے تھوڑی سی عمر میں بہت کچھ حاصل کر لیا ہے اور کئی بار سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت مبارکہ سے مستفیض ہو چکے ہیں) سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ آپ نے کچھ کتابیں بھی بندہ کو عنایت کیں اور کہا کہ ان کا اردو ترجمہ کر کے آپ ﷺ کے محبین اور عاشقین لوگوں کیلئے شائع کیا جائے سو الحمد للہ یہ شرف اس بندہ کے حصہ میں آیا اور کتاب (الکنوز المحمدیة لرویة خیر البریة ﷺ) کا مختصر اردو ترجمہ اس امید کے ساتھ پیش کیا جا رہا ہے کہ آپ ﷺ اس گناہ گار کی اس کوشش کو ضرور قبول فرمائیں گے۔

اس مختصر سی کتاب میں نبی اکرم ﷺ کی زیارت مبارکہ کے لئے چند وظائف ہیں اور ان کو چار حصوں میں تقسیم کر دیا ہے۔

☆ پہلا حصہ — آیات اور قرآنی سورتوں پر مشتمل ہے۔

☆ دوسرا حصہ — آپ ﷺ کی شان میں کہے ہوئے اشعار پر مشتمل ہے۔

☆ تیسرا حصہ — عظیم دعاؤں پر مشتمل ہے۔

☆ چوتھا حصہ — درود شریف کے مجموعات پر مشتمل ہے۔

آپ صدق دل اور اخلاص و محبت سے ہمیشہ درود پاک کی کثرت کے ساتھ ساتھ ان وظائف پر بھی عمل کی کوشش کرتے رہیں تو انشاء اللہ ایک دن ضرور آپکی قسمت بھی جاگ اٹھے گی کیونکہ سرکار دو عالم ﷺ اپنے چاہنے والوں کو کبھی بھی اپنے کرم سے محروم نہیں رکھتے۔ اور پھر جب کسی شخصیت کو یہ عظیم سعادت نصیب ہو جائے تو اس گناہ گار کو بھی اپنی دعاؤں میں ضرور شامل کرے۔
یہ تمام وظائف اہل اللہ سے مروی ہیں اور مجرب ہیں۔

انشاء اللہ یہ کتاب آپ ﷺ کی محبین، عاشقین حضرات، حجاج کرام اور زائرین مدینہ منورہ کی خدمت میں مفت تقسیم کی جائے گی اور جن جن حضرات نے اسکی اشاعت میں کسی طرح بھی معاونت کی اللہ تبارک و تعالیٰ ان کو نبی اکرم ﷺ کی بار بار زیارت اور اجر عظیم عطا فرمائے۔ مزید اگر کوئی صاحب دل حضرات اس کتاب کو چھپوا کر مفت تقسیم کرنا چاہیں تو بڑے شوق سے وہ اس کام میں

شریک ہو سکتے ہیں اور بندہ کی طرف سے اسکی اشاعت کی اجازت ہے تاکہ یہ پیغام زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچ سکے۔

آخر میں دعا ہے کہ اے رب العالمین! اپنے پیارے حبیب ﷺ کے طفیل اس چھوٹی سی کوشش کو قبول و منظور فرما کر اسے میرے لئے اور میرے والدین کے لئے صدقہ جاریہ اور باعث نجات بنا اور اس کے ترجمہ میں مجھ سے کہیں بھی کوئی کمی یا غلطی ہو گئی ہو تو مجھے معاف فرما دینا۔

آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

آپکی دعاؤں کا محتاج

افتخار احمد حافظ قادری

مکان نمبر 999/A-6، گلی نمبر 9،
افشاں کالونی، راولپنڈی کینٹ۔

شب برات، بروز ہفتہ،
14 شعبان المعظم، 1421ھ
11 نومبر، 2000ء

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارتِ مبارکہ

پہلا حصہ

آیات اور قرآنی سورتوں پر مشتمل ہے

۱۔ سورۃ الفاتحہ

﴿ بسم الله الرحمن الرحيم (١) الحمد لله رب العالمين (٢) الرحمن الرحيم (٣) مالك يوم الدين (٤) إياك نعبد وإياك نستعين (٥) اهدنا الصراط المستقيم (٦) صراط الذين أنعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين (٧) ﴾

سورۃ فاتحہ کا اخلاص سے تین سو مرتبہ پڑھنا اور بحالت پاکیزگی (باوضو) سونا زیارت نبوی ﷺ کا سبب بن سکتا ہے۔ (کتاب کیفیۃ الوصول)

۲.

﴿ رب اشرح لی صدری ویسر لی أمری ، بحق سیدنا محمد ﷺ ﴾

مذکورہ بالا آیۃ مبارکہ کو 100 مرتبہ پڑھنے سے خواب میں آپ ﷺ کی زیارت ہو سکتی ہے۔ حضرت شیخ علی محمد الحبشی سے مجرب بتاتے ہیں۔

۳۔ سورۃ النساء کی آیت نمبر ۶۴

﴿ وما أرسلنا من رسول إلا ليطاع بإذن الله ولو أنهم إذ ظلموا أنفسهم جاءوك فاستغفروا الله واستغفر لهم الرسول لوجدوا الله توابا رحيما ﴾ [النساء]

حضرت شریف طیفور کو خواب میں نبی اکرم ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا آپ ﷺ نے انہیں فرمایا کہ آپ سید علی المشہور کو کہہ دیں کہ وہ میری زیارت کیلئے سوتے وقت اس آیہ مبارک کی تلاویت کیا کرے۔ (کتاب قبسات النور)

۴۔ سورۃ طٰہٰ کی ابتدائی ۱۴ آیات

﴿ طه (١) ما أنزلنا عليك القرآن لتشقى (٢) إلا تذكرة لمن يخشى (٣) تنزيلا ممن خلق الأرض والسموات العلى (٤) الرحمن على العرش استوى (٥) له ما في السموات وما في الأرض وما بينهما وما تحت الثرى (٦) وإن تجهر بالقول فإنه يعلم السر وأخفى (٧) الله لا إله إلا هو له الأسماء الحسنى (٨) وهل أتاك حديث موسى (٩)

إذ رأى نارا فقال لأهله امكثوا إني آنست نارا لعلي آتيكم منها بقبس أو أجد على النار هدى (١٠) فلما أتاها نودي يا موسى (١١) إني أنا ربك فاخلع نعليك إنك بالواد المقدس طوى (١٢) وأنا اخترتك فاستمع لما يوحى (١٣) إنني أنا الله لا إله إلا أنا فاعبدني وأقم الصلاة لذكري (١٤) ﴾

سید عبدالرحمن الرفاعی مدینہ منورہ میں فرماتے ہیں کہ مجھے ایک بزرگ شخصیت نے بتایا کہ جو شخص بھی آپ ﷺ کی زیارت کا خواہش مند ہو تو سورۃ طٰہٰ کی ابتدائی 14 آیات مبارکہ تلاوت کرے اس کے بعد آپ ﷺ پر کثرت سے درود پاک پڑھے تو انشاءاللہ ضرور زیارت سے سرفراز ہوگا۔

۵۔ سورۃ مزمل

﴿ يا أيها المزمل (١) قم الليل إلا قليلا (٢) نصفه أو انقص منه قليلا (٣) أو زد عليه ورتل القرآن ترتيلا (٤) إنا سنلقي عليك قولا ثقيلا (٥) إن ناشئة الليل هي أشد وطئا وأقوم قيلا (٦) إن لك في النهار سبحا طويلا (٧) واذكر اسم ربك وتبتل إليه تبتيلا (٨) رب المشرق والمغرب لا إله إلا هو فاتخذه وكيلا (٩) واصبر على ما يقولون واهجرهم هجرا جميلا (١٠)

وذرني والمكذبين أولي النعمة ومهلهم قليلا (١١) إن لدينا أنكالا وجحيما (١٢) وطعاما ذا غصة وعذابا أليما (١٣) يوم ترجف الأرض والجبال وكانت الجبال كثيبا مهيلا (١٤) إنا أرسلنا إليكم رسولا شاهدا عليكم كما أرسلنا إلى فرعون رسولا (١٥) فعصى فرعون الرسول فأخذناه أخذا وبيلا (١٦) فكيف تتقون إن كفرتم يوما يجعل الولدان شيبا (١٧) السماء منفطر به كان وعده مفعولا (١٨) إن هذه تذكرة فمن شاء اتخذ إلى ربه سبيلا (١٩) إن ربك يعلم أنك تقوم أدنى من ثلثي الليل ونصفه وثلثه وطائفة من الذين معك والله يقدر الليل والنهار علم أن لن تحصوه فتاب عليكم فاقرءوا ما تيسر من القرآن علم أن سيكون منكم مرضى وآخرون يضربون في الأرض يبتغون من فضل الله وآخرون يقاتلون في سبيل الله فاقرءوا ما تيسر منه وأقيموا الصلاة وآتوا الزكاة وأقرضوا الله قرضا حسنا وما تقدموا لأنفسكم من خير تجدوه عند الله هو خيرا وأعظم أجرا واستغفروا الله إن الله غفور رحيم (٢٠) ﴾

جو شخص بھی سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت کا خواہش مند ہو تو اسے چاہیے کہ سورۃ مزمل شریف 41 مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ وہ ضرور زیارت کا شرف حاصل کرے گا۔ حضرت امام القسطلانی فرماتے ہیں کہ جو شخص سورۃ مزمل اور سورۃ کوثر کی تلاوت پر

مداومت اختیار کرے گا تو اس کو ضرور آپ ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔

(سعادۃ الدارین)

٦۔ سورۃ التکویر / سورۃ الانفطار / سورۃ الانشقاق

﴿ إذا الشمس كورت (١) وإذا النجوم انكدرت (٢) وإذا الجبال سيرت (٣) وإذا العشار عطلت (٤) وإذا الوحوش حشرت (٥) وإذا البحار سجرت (٦) وإذا النفوس زوجت (٧) وإذا الموءودة سئلت (٨) بأي ذنب قتلت (٩) وإذا الصحف نشرت (١٠) وإذا السماء كشطت (١١) وإذا الجحيم سعرت (١٢) وإذا الجنة أزلفت (١٣) علمت نفس ما أحضرت (١٤) فلا أقسم بالخنس (١٥) الجوار الكنس (١٦) والليل إذا عسعس (١٧) والصبح إذا تنفس (١٨) إنه لقول رسول كريم (١٩) ذي قوة عند ذي العرش مكين (٢٠) مطاع ثم أمين (٢١) وما صاحبكم بمجنون (٢٢) ولقد رآه بالأفق المبين (٢٣) وما هو على الغيب بضنين (٢٤) وما هو بقول شيطان رجيم (٢٥) فأين تذهبون (٢٦) إن هو إلا ذكر للعالمين (٢٧) لمن شاء منكم أن يستقيم (٢٨) وما تشاءون إلا أن يشاء الله رب العالمين (٢٩) ﴾

﴿ إذا السماء انفطرت (١) وإذا الكواكب انتثرت (٢) وإذا البحار فجرت (٣) وإذا القبور بعثرت (٤) علمت نفس ما قدمت وأخرت (٥) يا أيها الإنسان ما غرك بربك الكريم (٦) الذي خلقك فسواك فعدلك (٧) في أي صورة ما شاء ركبك (٨) كلا بل تكذبون بالدين (٩) وإن عليكم لحافظين (١٠) كراما كاتبين (١١) يعلمون ما تفعلون (١٢) إن الأبرار لفي نعيم (١٣) وإن الفجار لفي جحيم (١٤) يصلونها يوم الدين (١٥) وما هم عنها بغائبين (١٦) وما أدراك ما يوم الدين (١٧) ثم ما أدراك ما يوم الدين (١٨) يوم لا تملك نفس لنفس شيئا والأمر يومئذ لله (١٩) ﴾

﴿ إذا السماء انشقت (١) وأذنت لربها وحقت (٢) وإذا الأرض مدت (٣) وألقت ما فيها وتخلت (٤) وأذنت لربها وحقت (٥) يا أيها الإنسان إنك كادح إلى ربك كدحا فملاقيه (٦) فأما من أوتي كتابه بيمينه (٧) فسوف يحاسب حسابا يسيرا (٨) وينقلب إلى أهله مسرورا (٩) وأما من أوتي كتابه

وراء ظهره (١٠) فسوف يدعو ثبورا (١١) ويصلى سعيرا (١٢) إنه كان في أهله مسرورا (١٣) إنه ظن أن لن يحور (١٤) بلى إن ربه كان به بصيرا (١٥) فلا أقسم بالشفق (١٦) والليل وما وسق (١٧) والقمر إذا اتسق (١٨) لتركبن طبقا عن طبق (١٩) فما لهم لا يؤمنون (٢٠) وإذا قرئ عليهم القرآن لا يسجدون (٢١) بل الذين كفروا يكذبون (٢٢) والله أعلم بما يوعون (٢٣) فبشرهم بعذاب أليم (٢٤) إلا الذين آمنوا وعملوا الصالحات لهم أجر غير ممنون (٢٥) ﴾

کتاب مفاخر العلیہ میں حضرت شیخ ابو الحسن الشاذلی فرماتے ہیں کہ آخرت میں نبی اکرم ﷺ کے دیدار کیلئے مذکورہ سورتوں کی تلاوت اشد ضروری ہے۔

۳۔ سورۃ الشمس سورۃ اللیل سورۃ التین

﴿ والشمس وضحاها (١) والقمر إذا تلاها (٢) والنهار إذا جلاها (٣) والليل إذا يغشاها (٤) والسماء وما بناها (٥) والأرض وما طحاها (٦) ونفس وما سواها (٧) فألهمها فجورها وتقواها (٨) قد أفلح من زكاها (٩) وقد خاب من دساها (١٠) كذبت ثمود بطغواها (١١) إذ انبعث أشقاها (١٢) فقال لهم رسول الله ناقة الله وسقياها (١٣) فكذبوه فعقروها فدمدم عليهم ربهم بذنبهم فسواها (١٤) ولا يخاف عقباها (١٥) ﴾

﴿ والليل إذا يغشى (١) والنهار إذا تجلى (٢) وما خلق الذكر والأنثى (٣) إن سعيكم لشتى (٤) فأما من أعطى واتقى (٥) وصدق بالحسنى (٦) فسنيسره لليسرى (٧) وأما من بخل واستغنى (٨) وكذب بالحسنى (٩) فسنيسره للعسرى (١٠) وما يغني عنه ماله إذا تردى (١١) إن علينا للهدى (١٢) وإن لنا للآخرة والأولى (١٣) فأنذرتكم نارا تلظى (١٤) لا يصلاها إلا الأشقى (١٥) الذي كذب وتولى (١٦) وسيجنبها الأتقى (١٧) الذي يؤتي

مالهُ يتزكّىٰ (١٨) وما لأحدٍ عندهُ من نعْمةٍ تُجزىٰ (١٩) إلاَّ ابتغاء وجْه ربّه الأعْلىٰ (٢٠) ولسوْف يرْضىٰ (٢١) ﴾

﴿ والتّين والزّيْتون (١) وطُور سينين (٢) وهٰذا البلد الأمين (٣) لقدْ خلقْنا الإنسان في أحْسن تقْويمٍ (٤) ثُمّ رددْناهُ أسْفل سافلين (٥) إلاَّ الّذين آمنُوا وعملُوا الصّالحات فلهُمْ أجْرٌ غيْرُ ممنُون (٦) فما يُكذّبُك بعْدُ بالدّين (٧) أليْس اللّهُ بأحْكم الحاكمين (٨) ﴾

کتاب سعادت الدارین میں ہے کہ جو شخص آپ ﷺ کی خواب میں زیارت کا خواہش مند ہو اسے چاہیے کہ سونے سے پہلے وضو کرے اور پاک صاف بستر پر بیٹھ کر مذکورہ سورتوں کی تلاوت کرے پھر آپ ﷺ پر کثرت سے درود شریف پڑھنے کے بعد درج ذیل دعا پڑھے۔

(اللهم رب البيت الحرام والحل والحرام والركن والمقام أقرأ على روح سيدنا محمد ﷺ مني السلام)

اس عمل کو مسلسل سات راتوں میں دہرائے تو انشاء اللہ زیارت سے سرفراز ہوگا۔

۸۔ سورۃ القدر

کتاب الوسائل الشافعہ میں ہے کہ جس نے طلوع و غروب آفتاب کے وقت اکیس اکیس مرتبہ سورۃ القدر کی تلاوت کی تو ضرور انشاء اللہ آپ ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل کرے گا۔ اس طرح کتاب "خزينة الاسرار" میں ہے کہ جس نے جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ سورۃ القدر کی تلاوت کی وہ اس وقت تک فوت نہ ہوگا جب تک وہ آپ ﷺ کی زیارت نہ کر لے۔

﴿ إنّا أنزلْناهُ في ليْلة القدْر (١) وما أدْراك ما ليْلةُ القدْر (٢) ليْلةُ القدْر خيْرٌ مّنْ ألْف شهْرٍ (٣) تنزّلُ الملائكةُ والرُّوحُ فيها بإذْن ربّهم مّن كُلّ أمْرٍ (٤) سلامٌ هي حتّىٰ مطْلع الفجْر (٥) ﴾

۹۔ سورۃ الفیل

سعادۃ الدارین میں ہے کہ جو شخص ایک ہزار مرتبہ سورۃ الفیل کی تلاوت کرے پھر سرکار دو عالم ﷺ پر درود و سلام پیش کرنے کے بعد سو جائے تو انشاء اللہ خواب میں نبی اکرم ﷺ کی زیارت سے سرفراز ہوگا۔

﴿ ألمْ تر كيْف فعل ربُّك بأصْحاب الفيل (١) ألمْ يجْعلْ كيْدهُمْ في تضْليلٍ (٢) وأرْسل عليْهمْ طيْرًا أبابيل (٣) ترْميهم بحجارةٍ مّن سجّيلٍ (٤) فجعلهُمْ كعصْفٍ مّأْكُولٍ (٥) ﴾

۱۰۔ سورۃ قریش

بعض علماء فرماتے ہیں کہ جس نے شب جمعہ سورۃ قریش ایک ہزار مرتبہ تلاوت کی اور پھر سو گیا تو وہ نبی اکرم ﷺ کی زیارت سے سرفراز ہوگا۔

﴿ لإيلاف قريش (١) إيلافهم رحلة الشتاء والصيف (٢) فليعبدوا رب هذا البيت (٣) الذي أطعمهم من جوع وآمنهم من خوف (٤) ﴾

۱۱۔ سورۃ الکوثر

کتاب الوسائل الشافعہ میں ہے کہ جس نے سورۃ الکوثر کی ایک ہزار مرتبہ تلاوت کی وہ دیدار حبیب ﷺ سے ہمکنار ہوگا۔

﴿ إنا أعطيناك الكوثر (١) فصل لربك وانحر (٢) إن شانئك هو الأبتر (٣) ﴾

کتاب اجازات و مکاتبات میں ہے کہ جو شخص نبی اکرم ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل کرنا چاہتا ہو اسے چاہئے کہ وہ اچھی طرح وضو کرے دو رکعت نماز نبی اکرم ﷺ کی زیارت کی نیت سے ادا کرے پھر اپنے بستر میں آئے اور آپ ﷺ پر 80 مرتبہ درج ذیل درود شریف پڑھنے کے بعد 80 مرتبہ سورۃ الکوثر کی تلاوت کرے تو انشاء اللہ زیارت مصطفیٰ ﷺ سے نوازا جائے گا۔

(اللهم صل على سيدنا محمد النبي الأمي وعلى آله وسلم)

کتاب کنوز الاسرار میں ہے کہ جس نے شب جمعہ ایک ہزار مرتبہ سورۃ الکوثر اور ایک ہزار مرتبہ آپ ﷺ پر درود شریف پڑھا تو ضرور زیارت سے مستفیض ہوگا۔ اس عمل کو بے شمار شخصیات نے مجرب فرمایا ہے۔

۱۲۔ سورۃ الاخلاص

کتاب الوسائل الشافعہ میں ہے کہ حضرت ابن عباس ؓ ارشاد فرماتے ہیں کہ جس نے رات کو ایک ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص کی تلاوت کی تو وہ نبی اکرم ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل کرے گا۔ کتاب سعادۃ الدارین میں ہے کہ شیخ یوسف النبهانی ؒ نے سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت کی نیت سے تین ہزار مرتبہ سورۃ الاخلاص کی تلاوت کی اور سو گئے خواب میں آپ ﷺ کی زیارت سے فیض یاب ہوئے۔

﴿ قل هو الله أحد (١) الله الصمد (٢) لم يلد ولم يولد (٣) ولم يكن له كفوا أحد (٤) ﴾

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نبی اکرم ﷺ کی زیارت مبارکہ

دوسرا حصہ

آپ ﷺ کی شان میں کہے ہوئے
مختلف نعتیہ اشعار پر مشتمل ہے۔

1

کتاب اجازات و مکاتبات میں ہے کہ جو شخص سوتے وقت حضرت امام بوصیری کے قصیدہ ہمزیہ کا درج ذیل شعر 41 مرتبہ پڑھے گا انشاء اللہ وہ آپ ﷺ کی زیارت شریفہ سے سرفراز ہوگا۔

لَيْتَهُ خَصَّنِي بِرُؤْيَةِ وَجْهٍ ••• زَالَ عَنْ كُلِّ مَنْ رَآهُ الشَّقَاءُ

2

جس نے حضرت امام بوصیری کے قصیدہ مضریہ کو پڑھنے پر مداومت اختیار کی اسے نبی اکرم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔

قصیدہ مضریہ کی برکات

اللہ تبارک و تعالیٰ کا ایک محبوب بندہ سمندر کے کنارے چلتا ہوا قصیدہ مضریہ پڑھ رہا تھا اور جب درج ذیل شعر پر پہنچا تو زمین کے مشرق و مغرب میں نور ہی نور ہو گیا اور وہ شعر یہ ہے۔

ثُمَّ الصَّلَاةُ عَلَى الْمُخْتَارِ مَا طَلَعَتْ • شَمْسُ النَّهَارِ وَمَا قَدْ شَعْشَعَ الْقَمَرُ

3

حضرت امام بوصیری کے قصیدہ بردہ شریف اور قصیدہ مضریہ کے ہمیشہ پڑھنے والے کو سرکار ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔

4

نبی اکرم ﷺ کی بار بار زیارت کیلئے حضرت امام بوصیری کا قصیدہ بردہ شریف پابندی سے پڑھا جائے اور ہر شعر کے بعد درج ذیل شعر ایک مرتبہ پڑھا جائے۔

مَوْلَايَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا • • عَلَى حَبِيبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

5

آپ ﷺ کی زیارت شریف کیلئے سونے سے قبل حضرت امام بوصیری کے درج ذیل شعر کو بے شمار مرتبہ پڑھا جائے۔

نَعَمْ سَرَىٰ طَيْفُ مَنْ أَهْوَىٰ فَأَرَّقَنِي
وَالْحُبُّ يَعْتَرِضُ اللَّذَّاتِ بِالْأَلَمِ

ہاں خیالِ یار نے مجھ کو جگایا رات بھر
لذتوں کو کر دیا ہے عشق نے رنج و الم

حضرت شیخ حسن شداد اس شعر کو 40 مرتبہ پڑھنے کا کہتے ہیں۔

6

ایک عاشقِ رسول ﷺ سید احمد مشہور الحداد کے پاس آئے اور نبی اکرم ﷺ کی خواب میں زیارت کیلئے کوئی عمل پوچھا آپ نے انہیں حضرت امام بوصیری کے درج ذیل شعر پڑھنے کو کہا اور یہ شرط لگائی کہ ایک مرتبہ یہ شعر

پڑھنے کے بعد 10 مرتبہ نبی اکرم ﷺ پر درود شریف پڑھا جائے اس عاشق بندے نے اس پر عمل کیا۔ اور نبی اکرم ﷺ کی زیارت سے سرفراز ہوگئے۔

نَعَمْ سَرٰى طَيْفُ مَنْ اَهْوٰى فَاَرَّقَنِىْ
وَالْحُبُّ يَعْتَرِضُ اللَّذَّاتِ بِالْاَلَمِ

ہاں خیال یار نے مجھ کو جگایا رات بھر
لذتوں کو کر دیا ہے عشق نے رنج و الم

مذکورہ شعر کو 40 مرتبہ اسی ترتیب سے پڑھا جائے۔

7

شیخ محمد محمود عبدالعلیم فرماتے ہیں کہ انہوں نے درجہ ذیل اشعار تین مرتبہ پڑھے تو سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت سے سرفراز ہوگئے آپ ﷺ کے ساتھ حضرت علی کرم اللہ وجہہ بھی تھے۔

صلى الله على طه •••• خير الخلق وأحلاها
والكرار أبى الكرما •••• والزهراء وأبناها

8

حضرت شیخ حسن شداد فرماتے ہیں کہ انہوں نے سال 1417ھ میں قصیدہ بردہ شریف کی طرح ایک قصیدہ بنام "عبیر الوردۃ" مرتب کیا اور اسی دوران میں نے خواب میں ایک عظیم مرتبہ شخصیت کے دست مبارک میں یہ

قصیدہ دیکھ کر ان سے پوچھا کہ آپ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ میں سلمان الفارسیؓ ہوں اور مجھے نبی اکرم ﷺ نے آپ کے پاس بھیجا ہے۔ آپ ﷺ اس قصیدہ سے انتہائی خوش ہیں۔

السید تیسیر السمہودی فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ہم کچھ لوگ اکٹھے بیٹھے ہوئے ہیں آپ ﷺ نے ہماری طرف توجہ فرمائی آپ سرکار ﷺ کے ہاتھ میں قصیدہ (عبیر الوردۃ) ہے اس کا ایک شعر آپ بار بار دہرا رہے ہیں جب نیند سے آنکھ کھلی تو وہ شعر جو آپ ﷺ بار بار دہرا رہے تھے بھول گیا۔

حضرت شیخ حسن شداد فرماتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ پھر اللہ تبارک و تعالیٰ سے درخواست کی کہ مجھے آپ ﷺ کی خواب میں زیارت کا شرف حاصل ہوتا تاکہ میں آپ ﷺ سے اس شعر کا پوچھ سکوں جو آپ ﷺ بار بار دہرا رہے تھے۔ پس میں نے خواب میں اپنے بیٹے کو دیکھا جو مجھ سے کہہ رہا ہے کہ نبی اکرم ﷺ آپ سے فرما رہے ہیں کہ یہ قصیدہ انتہائی عجیب و غریب ہے اور سب سے زیادہ عجیب شعر اس کا یہ ہے۔

شنفت أذني قليلا من محامدة
فكان شهدا شهيا ذقته بفمي

میں نیند سے مسکراتا ہوا بیدار ہوا اور اس کرم فرمائی پر اللہ تبارک و تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔

حضرت شیخ حسن شداد فرماتے ہیں کہ جو کوئی اس شعر کو 114 مرتبہ پڑھے انشاء اللہ اسے آپ ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔

1

شیخ محمد ابو المواھب الشاذلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں آپ ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل کیا اور آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ سوتے وقت یہ پڑھا کر میں تیرے پاس آیا کروں گا۔

أعوذ بالله من الشيطان الرجيم پانچ مرتبہ

بسم الله الرحمن الرحيم پانچ مرتبہ

اللهم بحق محمد أرني وجه محمد حالاً ومآلاً

2

شیخ النبھانیؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص نبی اکرم ﷺ کی زیارت کرنا چاہتا ہو پس وہ دو رکعت نماز نفل ادا کرے اس کے بعد ایک سو مرتبہ درج ذیل کلمات پڑھے۔

يَانُورَ النُّور . يا مدبِّرَ الأمُور .

3

شیخ النبھانیؒ سعادت الدارین میں فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کی زیارت کیلئے 17 مرتبہ سورۃ اخلاص اور سو مرتبہ درج ذیل دعا پڑھی جائے۔

اللهم أني أسألك بنور الأنوار .
الذى هو عينك لا غيرك
أن ترينى وجه نبيك
سيدنا محمد ﷺ كما هو عندك

4

کتاب الابریز میں ہے کہ سیدنا خضرؑ نے شیخ عبدالعزیز الدباغؒ کو ایک ورد عطا فرمایا کہ اسکو ہر روز 7 ہزار مرتبہ پڑھا جائے۔

اللّهم يارب بجاه سيدنا
محمد بنِ عبد الله ﷺ
اجمع بيني وبين سيدنا
محمد بن عبد الله ﷺ
في الدنيا قبلَ الآخرة

پھر انہوں نے اس ورد پر مداومت اختیار کی اور نبی اکرم ﷺ کی زیارت مبارکہ سے سرفراز ہوتے رہے۔

5

سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت کیلئے حضرت شیخ شہاب الدین علی المشہور

درجہ ذیل دعا پڑھنے کیلئے بتایا کرتے۔

اللهم صل وسلم وبَارِكْ عَلى سيدِنا محمد
وعلى آل سيدِنا محمدٍ واجْمَعْ بيني وبَيْنَهُ
في الدنيا قَبْلَ الآخِرة
في خيرٍ ولطفٍ وعافية

6

نبی پاک ﷺ کی زیارت مبارکہ کیلئے سید عبد القادر السقاف درج ذیل دعا بتایا کرتے۔

بسم الله الرحمن الرحيم اللَّهُمَّ يارَبّ محمد
وآل محمدٍ اجْمَعْ بيني وبين محمد
في القَرِيْبِ يا مُجِيْبُ. اللَّهُمَّ إنَّه بَابُكَ الأعظم
وصِرَاطُكَ الأقْوم ولا طريق إلا مِنْ هذا البابَ
وشَرِّفْنِي بِكَشْفِ الحجاب. اللهم لا تَحْرِمْنِي مِنْ
رؤيَتِهِ ولا من النظر إلى وجْهِه

وَلَا مِنَ الدخُولِ فِي بَرَكَتِهِ وَلا مِنْ إلتِمَاس
رِعَايَتِهِ وَلَا مِنْ عِنَايَتِهِ
اللهم اجْعَلْنِي دَائماً تَحْتَ نَظَرِه واجْعَلْنِي
مِنْه قَرِيْبَ يا مُجِيْب يا مُجِيْبَ
وَالحَمْدُ لله ربّ العَالمين

7

حضرت شیخ النبھانیؒ سعادۃ الدارین میں فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کی زیارت کیلئے دو رکعت نماز ادا کریں اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں نماز کے بعد تین مرتبہ درجہ ذیل کلمات پڑھیں۔

يا الله يا رحْمٰنُ . يا مُحْسِنُ يا مُجْمِلُ يا مُنعِمُ .
يا مُتَفَضِّلُ . ارنى وَجْه نبيكَ سيدنا محمد ﷺ

8

شیخ حسن شداد فرماتے ہیں کہ مجھ سے شیخ عبد الرحمٰن کاف نے کہا کہ ایک بار میں مدینہ منورۃ میں تھا کہ میں نے کسی شخصیت کو کئی مرتبہ اپنے ساتھ بات کرتے ہوئے سنا مگر وہ شخص نظر نہ آتا تھا۔ ایک مرتبہ انہوں نے پوچھا کہ کیا تجھے زیارت ہوئی ہے میں نے کہا کہ نہیں تو انہوں نے کہا کہ دو سو مرتبہ درج

ذیل کلمہ پڑھا کرو۔

أشهد أن لا إله إلا الله وأشهد أن سيدنا محمد رَسُول الله

میں نے اس پر عمل کیا اور خواب میں آپ ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل کر لیا۔

9

شیخ محمد محمود العلیم اپنی کتاب "الحضرۃ" میں فرماتے ہیں کہ سال 1980ء میں مجھے اللہ تبارک و تعالیٰ نے مسجد نبوی شریف میں آپ ﷺ کی زیارت سے نوازا میں نے سرکار ﷺ کو سلام پیش کیا اور اپنا ہاتھ آپ ﷺ کے دست مبارک میں رکھا اور درخواست کی۔

سیدی یا رسول اللہ ﷺ

ذرَّة مِن مَدَدِكَ تَكْفِينِي وَنَظْرَة مِن كَرمِكَ تُرْضِينِي

تو آپ ﷺ نے میری طرف ایک طویل نگاہ فرمائی پھر مجھے بوسہ دیا اور میرے لئے دعا فرمائی میں مسجد میں آپ ﷺ کے پیچھے چل پڑا اور دیکھا کہ لوگ آپ ﷺ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یہ کہہ رہے تھے۔

یہ ہیں اللہ کے رسول ﷺ جنکی طرف وحی آیا کرتی تھی۔

10

حضرت شیخ حسن شداد فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ کی زیارت کیلئے کثرت سے آپ ﷺ پر درود شریف پڑھا جائے اور درج ذیل دعائیں بھی سونے سے پہلے پڑھی جائیں۔

يا رب أكرِمني برؤية حبيبي خيرَ الأنامِ بيقظةً ومَنام

اللهم اجمَعنَا بالحَبيب وَهُوَ راض عنّا ومسرور بنا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت مبارکہ

چوتھا حصہ

درود شریف کے مجموعات پر مشتمل ہے

درود شریف نمبر 1

اللّٰھم صلّ علی سیدنا محمدٍ
وعلی آل سیدنا محمدٍ کما صلّیتَ
علی سیدنا ابراھیمَ
وعلی آل سیدنا ابراھیم
وبارک علی سیدنا محمدٍ
وعلی آل سیدنا محمدٍ
کما بارکتَ علی سیدنا ابراھیمَ
وعلی آل سیدنا ابراھیمَ
فی العالمین انک حمید مجید

حضرت شیخ الصاویؒ فرماتے ہیں کہ مذکورہ بالا درود شریف بکثرت پڑھنے سے آپ ﷺ کی زیارت نصیب ہو گی۔

حضرت شیخ العدویؒ فرماتے ہیں کہ اس درود شریف کو شب سوموار اور شب جمعہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے آپ ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہو سکتا ہے۔

درود شریف نمبر 2

اللّٰھمّ صلِ علی سیدنا محمد عبدک ورسولک النبی الامی وعلی آل سیدنا محمد وازواجہ وذریتہ کما صلیت علی سیدنا ابراھیم وعلی آل سیدنا ابراھیم . وبارک علی سیدنا محمد النبی الامی وعلی آل سیدنا محمد وازواجہ وذریتہ کما بارکت علی سیدنا ابراھیم وعلی آل سیدنا ابراھیم فی العالمین انک حمید مجید.

کسی عاشق رسول ﷺ کو مدینہ منورۃ میں سرکار دو عالم ﷺ اور سیدہ عائشہ صدیقہؓ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا تو اس عاشق بندے نے سیدہ عائشہ صدیقہؓ سے سوال کیا کہ سب سے بہتر درود پاک کون سا ہے جو آپ ﷺ پر پڑھا جائے جس پر حضرت عائشہ صدیقہؓ نے جواب دیا کہ وہ درود شریف جو کتاب افضل الصلوات (شیخ النبھانی) میں پہلے اور دوسرے نمبر پر تحریر ہے (اور اس کتاب میں بھی وہ درود شریف پہلے اور دوسرے نمبر پر ہے)۔

درود شریف نمبر 3

اللّٰھم صلِ علی سیدنا محمد
وعلی آل سیدنا محمد

اللّٰھم صلِ علی سیدنا محمد الجامع لأسرارك الدال علیك وعلی آلہ وسلم

شیخ حسن محمد فدتی فرماتے ہیں کہ اگر ورد بنا کر درود شریف روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو انشاء اللہ ایک دن قسمت جاگ اٹھے گی اور سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت نصیب ہو جائے گی۔

درود شریف نمبر 6

صلوات اللہ وملائکتہ وأنبیائہ وجمیع خلقہ علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد وعلیہ وعلیہم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ.

یہ درود پاک حضرت امام علی کا ہے اور نبی پاک ﷺ کی زیارت کیلئے بہت اہم درود شریف ہے۔

درود شریف نمبر 7

إن اللّٰہ وملائکتہ یصلون علی النبی یا أیھا الذین آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما لبیك اللّٰھم ربی وسعدیك . صلوات اللّٰہ البر الرحیم والملائکۃ المقربین والنبیین والصدیقین والشھداء والصالحین.
وما سبح لك من شیء یا رب العالمین .
علی سیدنا محمد بن عبد اللّٰہ خاتم النبیین وسید المرسلین وامام المتقین ورسول رب العالمین الشاھد البشیر الداعی إلیك بإذنك السراج المنیر وعلیہ السلام

یہ درود پاک بھی حضرت علی کا ہے اور آپ ﷺ کی زیارت کیلئے بہترین درودوں میں سے ہے کہتے ہیں کہ اس میں "اسم اعظم" بھی موجود ہے۔

درود شریف نمبر 8

اللّٰھم صل علی من روحہ محراب الأرواح والملائکۃ والکون . اللّٰھم صل علی من ھو إمام الأنبیاء والمرسلین . اللّٰھم صل علی من ھو إمام أھل الجنۃ عباد اللّٰہ المؤمنین.

یہ درود پاک حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا کا ہے۔ سرکار دو عالم ﷺ اور سیدہ فاطمۃ الزہرا کی زیارت کیلئے بہترین کلمات کا مجموعہ ہے یہ درود پاک شیخ عبدالعزیز الدباغ کو حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا سے عطا ہوا ہے۔

(کتاب الابریز)

درود شریف نمبر 9

اللهم صل على سيدنا محمد الذى ملأت قلبه من جلالك وعينه من جمالك فاصبح فرحا مسرورا مؤيدا منصورا وعلى آله وسلم تسليما والحمد لله على ذلك .

شیخ ابا عبداللہ النعمان کو خواب میں ایک سو مرتبہ آپ ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آخری مرتبہ آپ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ سب سے بہتر درود پاک کون سا ہے تو آپ ﷺ نے مذکورہ بالا درود شریف کی طرف اشارہ فرمایا جو کوئی بھی اس درود پاک کو بکثرت پڑھے گا اسے آپ ﷺ کی زیارت اور لطف و سرور نصیب ہو گا۔

درود شریف نمبر 10

صلى الله على سيدنا محمد

شیخ احمد عبدالجواد اپنی کتاب (صلوٰۃ المحبین علی حبیب رب العالمین) میں فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں نبی اکرم ﷺ کی زبان مبارک سے یہ درود پاک سنا ہے۔

درود شریف نمبر 11

اللهم ذا الجلال والاكرام صل وسلم وبارك على امام انبيائك سيد رسلك ، سيدنا محمد وآله وعلى جميع اخوانه من النبيين والمرسلين وجميع عبادك الصالحين من اهل السموات والارض وعلى معهم برحمتك يا ارحم الراحمين يا الله يا ذا الجلال والاكرام .

شیخ احمد عبدالجواد فرماتے ہیں کہ میں نے اللہ تبارک و تعالیٰ سے التجا کی کہ جس طرح اور نیک بندوں کو درود پاک عطا ہوتے ہیں مجھے بھی کوئی جامع درود شریف عطا فرمایا جائے۔ چنانچہ میں نے خواب میں دیکھا کہ کوئی مجھے مذکورہ بالا درود پاک پڑھا رہا ہے اور پھر اسے 3 مرتبہ دہرایا گیا میں جب نیند سے بیدار ہوا تو اسکو لکھ لیا۔

درود شریف نمبر 12

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْأَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْأَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ

حضرت شیخ شعرانی فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص مذکورہ کلمات پڑھے گا مجھے خواب میں دیکھے گا جس نے مجھے اپنے خواب میں دیکھا وہ قیامت میں میرا دیدار کرے گا جو قیامت میں میرا دیدار کرے گا میں اسکی شفاعت کروں گا اور جس کی میں نے شفاعت کر دی وہ میرے حوض سے پانی پئے گا اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس پر آگ حرام کر دی ہے۔

درود شریف نمبر 13

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَفْتَحُ لَنَا بَابَہٗ ، وَتُسْمِعُنَا لَذِیْذَ خِطَابِہٖ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلَّمْ.

آپ ﷺ کی زیارت کیلئے یہ درود پاک شیخ احمد الطیب کا ہے۔ اسکو 313 مرتبہ پڑھا جائے تو انشاء اللہ ضرور قسمت جاگ اٹھے گی۔

درود شریف نمبر 14

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النُّوْرِ وَآلِہٖ

هذه الصلاة تسمى الصلاة النورية وقد ذكر الشيخ أحمد

یہ درود پاک درود نوریہ کہلاتا ہے۔ حضرت شیخ احمد الطیب فرماتے ہیں کہ انہوں نے عبادت کی غرض سے تین دن کیلئے خلوت اختیار کی اس دوران انہیں سیدنا حضرت جبرائیل کی زیارت نصیب ہوئی اور دیکھا کہ ان کے ہاتھ میں مذکورہ بالا درود شریف ہے جو سفید نور کی روشنائی سے لکھا ہوا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ جو کوئی بھی خلوت میں ہو تو دن اور رات میں 12 ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو اسپر وہ اسرار اور رموز کھلیں گے جسکا وہ تصور بھی نہیں کر سکتا۔

درود شریف نمبر 15

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَبِیْبِ الرَّحْمٰنِ وَسَیِّدِ الْأَکْوَانِ وَالْحَاضِرِ مَعَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ فِیْ کُلِّ زَمَانٍ وَمَکَانٍ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلَّمْ.

مذکورہ بالا درود شریف زیارت نبوی ﷺ کیلئے نہایت مجرب عمل ہے اور حضرت شیخ حسن شداد نے اس کے پڑھنے کی اجازت فرمائی ہے۔

درود شریف نمبر 16

اللھم صلّ علی سیدنا محمّد بعدد حسنات سیّدنا محمد وعلی آله وسلّم.

سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت کیلئے مذکورہ درود شریف نہایت بابرکت ہے اور یہ درود شریف شیخ محمد باخبیر دکو بلاواسطہ طور پر عطا ہوا ہے اس درود پاک کا بھی عظیم اجر و ثواب ہے۔

یَا اَکْرَمَ الْخَلْقِ مَالِیْ مَنْ اَلُوْذُبِهٖ
سِوَاکَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمَمِ

اے مکرم تر جہاں سے جز ترے میرا ہے کون — حادثاتِ عام میں جب گھیر لیں رنج و الم
اے گرامی تر ز خلقاں من ندارم ملجاء — جز تو چوں آید قیامت یا بود مرگِ تنم

درود شریف نمبر 17

بسم الله الرحمٰن الرحیم اللّٰهم صلّ وسلم وبارك علی سیدنا ومولانا محمّد شجرة الأصل النورانیة ولمعة القبضة الرحمانیّة، وأفضل الخلیقة الإنسانیّة وأشرف الصورة الجسمانیة، ومعدن الأسرار الربانیة وخزائن العلوم الإصطفائیة صاحب القبضة الاصلیّة والبهجة السنیة، والرتبة العلیة من اندرجت النبیّون تحت لوائه فهم منه والیه، وصلّ وسلّم وبارك علیه وعلی اله وصحبه عدد ما خلقت ورزقت وأمت وأحییت إلی یوم تبعث من أفنیت وسلّم تسلیماً كثیراً والحمد للّٰه رب العالمین.

یہ درود پاک حضرت سید احمد البدوی سے روایت ہے آپ ﷺ کی زیارت کیلئے شب جمعہ سونے سے پہلے ایک سو مرتبہ پڑھا جائے تو انشاء اللہ زیارت بابرکت سے سرفرازی ہوگی۔

درود شریف نمبر 18

اللهم صل على نور الأنوار وسر الأسرار

وترياق الأغيار ومفتاح باب اليسار

سيدنا محمد المختار وآله الأطهار

وأصحابه الأخيار عدد نعم الله وافضاله

یہ درود پاک بھی حضرت سید احمد البدوی سے روایت ہے قضائے حاجات، مصیبتوں کے ٹالنے اور اسرار و رموز کے حصول کیلئے نہایت مجرب عمل ہے اور زیارت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے اسے ہر روز ایک سو مرتبہ پڑھا جائے۔

درود شریف نمبر 19

اللهم صل على الذات المحمدية، اللطيفة

الأحدية، شمس سماء الأسرار

ومظهر الأنوار، ومركز مدار الجلال

وقطب فلك الجمال.

اللهم بسره لديك، وبسيره إليك، آمن خوفي

وأقل عثرتي، وأذهب حزني وحرصي

وكن لي وخذني إليك مني

وارزقني الفناء عني

ولا تجعلني مفتونا بنفسي

محجوبا بحسي، واكشف

لي عن كل سر مكتوم

يا حي يا قيوم.

یہ درود پاک عظیم ولی اللہ حضرت ابراہیم الدسوقی کا ہے اس کا بھی انتہائی اجر و ثواب ہے اور زیارت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے نہایت مجرب درود پاک ہے۔

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا محمد النور

الذاتي والسر الساري في سائر الأسماء والصفات

حضرت شیخ الشبلی اس درود پاک کے متعلق فرماتے ہیں کہ یہ درود پاک "النور الذاتی" ہے اور حضرت امام ابو الحسن الشاذلی کا ہے یہ درود پاک زیارت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے نہایت مجرب ہے۔

درود شریف نمبر 21

اللّھم صلّ علی سیدنا محمد السّابق للخلق
نوره ورحمة للعالمین ظهوره . عدد من مضی من
خلقك ومن بقی ومن سعد منهم ومن شقی
صلاةً تستغرق العد وتحیط بالحد
صلاةً لا غایة لها ولا منتهی ولا انقضاء
صلاةً دائمة بدوامك وعلی آله
وسلّم تسلیما مثل ذلك.

کہتے ہیں کہ ایک ولی اللہ اپنے شب و روز نبی اکرم ﷺ پر درود پاک پڑھنے میں گزارتے تھے آپ کو نبی پاک ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا آپ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ میں تمہیں ایسے کلمات بتادیتا ہوں جو تم کو تمہارے وظیفہ سے مستغنی کردیں گے لیکن اجر و ثواب اتنا ہی ہوگا پھر آپ ﷺ نے ان کو مذکورہ درود شریف عطا فرمایا۔

درود شریف نمبر 22

اللّھم اجعل أفضل صلواتك أبداً وأنمی برکاتك سرمداً
وأزکی تحیّاتك فضلاً وعدداً ، علی أشرف الخلائق
الأنسانیّة ، ومجمع الحقائق الإیمانیّة ، وطور
التجلّیات الإحسانیّة ، ومهبط الأسرار الرّحمانیّة
واسطة عقد النبیّین ، ومقدم جیش المرسلین
وقائد رکب الأنبیاء المکرمین ، وأفضل الخلائق
أجمعین ، حامل لواء العزّ الأعلی ، ومالك أزمّة
المجد الأسنی ، شاهد أسرار الأزل ، ومشاهد
أنوار السّوابق الأول ، وترجمان لسان القدم
ومنبع العلم والحلم والحکم ، مظهر سرّ
الجود الجزئی والکلّی ، وانسان عین
الوجود العلوی والسفلی ، روح جسد
الکونین ، وعین حیاة الدارین
المتحقق بأعلی رتب العبودیة
المتخلّق بأخلاق المقامات
الإصطفائیة ، الخلیل الأعظم

الحَبِيْبِ الأكْرَمِ، سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الله بنِ عَبْدِ المطّلبْ وعلى سائر الأنبياء والمرسلين وعلى آلهمْ وصحبهمْ أجْمعين كلّما ذكرك الذّاكرون، وغفل عنْ ذكرك الغافلون.

حضرت شیخ شعرانیؒ اپنے مرشد حضرت شیخ نور الدین الشونیؒ کے متعلق فرماتے ہیں کہ میں نے آپ کے وصال کے دو سال بعد آپ کو خواب میں دیکھا کہ آپ فرمارہے ہیں کہ مجھے شیخ العید روسیؒ کا درود شریف سکھاؤ کیونکہ آخرت میں اسکا ثواب دوسروں کی نسبت 10 ہزار مرتبہ زیادہ ہے۔

حضرت شیخ الصاویؒ فرماتے ہیں کہ یہ درود پاک زیارت نبوی ﷺ کیلئے ہے جسکو حضرت امام الغزالیؒ نے حضرت شیخ العید روسیؒ سے نقل کیا ہے۔

درود شریف نمبر 23

اللّهمّ صلّ وسلّم على سيّدنا محمد وعلى آل سيّدنا محمد في كلّ لمحة ونفس بعدد كلّ معلوم لك.

حضرت شیخ محمد حقی النازلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے مذکورہ بالا درود شریف 1261 ھجری میں شیخ مصطفیٰ ہندی سے حاصل کیا اور ان سے اسکی

خصوصیت کے بارے میں پوچھا توآپ نے مجھے آیۃ الکرسی اور مذکورہ درود شریف کے متعلق یہ بتایا کہ اگر میں ان پر مداومت اختیار کروں تو مجھے نبی اکرم ﷺ سے اسرار و رموز کے علوم و خزانے حاصل ہوں گے۔

درود شریف نمبر 24

اللّهمّ صلّ على سيّدنا محمّد الفاتح لما أغلق الخاتم لما سبق، ناصر الحقّ بالحقّ والهادي إلى صراطك المستقيم وعلى آله حقّ قدره ومقداره العظيم.

اس درود پاک کو "درود فاتح" بھی کہتے ہیں اور یہ سید احمد التیجانی اور سید محمد البکری کی طرف منسوب ہے۔ حضرت شیخ الہدار مدینہ منورہ میں فرماتے ہیں کہ جس شخص نے شب جمعہ ایک سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھا تو اسکو سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت نصیب ہو گی۔

درود شریف نمبر 25

اللّٰھمّ صلّ علی سیدنا محمّد الفاتح لما أغلق الخاتم لما سبق، ناصر الحق بالحق والهادي إلی صراطك المستقیم وعلی آله حقّ قدره ومقداره العظیم.

مذکورہ بالا درود شریف حضرت شیخ حسن شداد کا ہے اور زیارت نبوی ﷺ کے لئے نہایت مجرب درود شریف ہے۔

درود شریف نمبر 26

اللّٰھم صلّ علی سیّدنا محمّد فی کلّ وقت وحین صلاۃ نسعد بها فی الدّنیا والدّین وعلی اٰله وصحبه أجمعین.

حضرت شیخ حسن شداد مذکورہ بالا درود شریف کو بھی زیارت نبوی ﷺ کیلئے نہایت مجرب بتاتے ہیں۔

درود شریف نمبر 27

اللّٰھم صلّ وسلّم علی سیّدنا محمّد وعلی آل سیّدنا محمّد نور الجمال والکمال وأرنی وجهه الصبیح فی الحال.

حضرت شیخ حسن شداد فرماتے ہیں کہ ربیع الاول 1409 ہجری شب سوموار اللہ تبارک و تعالیٰ نے مذکورہ کلمات برائے زیارت نبی ﷺ مجھے الہام فرمائے اور پھر مجھے اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے مقصد میں کامیاب و کامران فرمایا۔

الحمد للہ!

درود شریف نمبر 28

إنَّه لا حولَ ولا قوّةَ إلّا باللّه العليّ العظيم
يا اللّه۔ يا عليّ۔ يا عظيم۔ أسألكَ بسرّ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ لقد جاءكم رسولٌ من أنفسكم عزيزٌ عليه ما
عنتّم حريصٌ عليكم بالمؤمنين رءوفٌ رحيم ﴾
اللّهمّ يا كريم صلّ على عبدك ونبيّك الكريم
وصلّ يا رءوف يا رحيم على عبدك
ورسولك الرءوف الرحيم۔
بقدر عزّتك وحقّ قدره
ومقداره العظيم
﴿ فإن تولّوا فقل حسبي اللّه لا إله إلّا هو عليه
توكّلت وهو ربّ العرش العظيم ﴾

مذکورہ بالا آیات اور درود شریف مدینہ منورہ کے ایک ولی اللہ نے لکھوائے اور کہا کہ اس کو روضہ مبارکہ کے قریب زیارت نبوی ﷺ کیلئے پڑھا جائے۔

درود شریف نمبر 29

اللّهمّ صلّ على سيّدنا محمّدٍ بكلّ صلاةٍ صلّى
عليه بها محبٌّ، وسلّم عليه كما تحبّ يا ربّ۔
واجعل أوّل ثوابي عليها دوام صلاتي بها
وعلى آله وصحبه وسلّم۔ إلهي بجاهه عندك
ومكانته لديك ومحبّتك له ومحبّته لك۔
والسرّ الّذي بينك وبينه أسألك أن تصلّي
وتسلّم عليه وعلى آله۔ وضاعف اللهمّ محبّتنا فيه
وعرّفنا بحقّه ورتبته، ووفّقنا لاتّباعه
والقيام بآدابه وسنّته۔
واجمعنا به ومتّعنا برؤيته وقرّبنا من حضرته
وأسعدنا بمكالمته وارفع عنّا العلائق والعوائق
والوسائط والحجاب، وشنّف سمعنا منه بلذيذ
الخطاب وهيّئنا للتلقّي منه وأهّلنا للأخذ عنه
واجعل صلاتنا عليه نورًا فائضًا ماحيًا عنّا كلّ
ظلمةٍ وظلمٍ، وشكٍّ وشركٍ، وإفكٍ وغفلةٍ
واجعلها سببًا للتمحيص ومرقًا

لأعلى مراتب التخصيص حتى لا تبقى فينا
ربانية لغيرك وحتى نصلح لحضرتك
ونكون من أهل خصوصيتك متمسكين
من آدابه ﷺ بالحبل المتين ، مستمدين
من حضرته العليا في كل وقت وحين
يا الله يا نور يا حق يا مبين
يا الله يا نور يا حق يا مبين
يا الله يا نور يا حق يا مبين
يا الله يا نور يا حق يا مبين
أشهد أنك عفو كريم تحب العفو فاعف عنا.

مذکورہ بالا درود شریف اور دعائیہ کلمات عظیم مفسر قرآن شیخ محمد متولی الشعراوی کے ہیں۔ جن کو استاد محمد عارف عطیہ نے اپنی کتاب (اذکار والدعوات والحکم الشعراویہ) میں نقل کیا ہے۔

درود شریف نمبر 30

إلهي بجاه سيدنا محمد ﷺ عندك ، ومكانته لديك ، ومحبتك له ، ومحبته لك ، والسر الذي بينك وبينه . أسألك أن تصلي وتسلم على سيدنا محمد وعلى آله . وأن ترزقنا حبه وحب من يحبه ، وأن ترزقنا اتباعه والاقتداء بآدابه وسنته ، وأن تسكب علينا ما سكبته عليه من نور وضياء وخشية ومن حب حتى نصبح ربانيين
لا نصلح إلا لحضرتك.

مذکورہ بالا دعا اور درود پاک بھی عظیم مفسر قرآن شیخ محمد متولی الشعراوی کے ہیں جن کو استاد محمد عارف عطیہ نے نقل کیا ہے۔

درود شریف نمبر 31

اللهم إني أسألك بنور وجه الله العظيم ، الذي ملأ أركان عرش الله العظيم ، وقامت به عوالم الله العظيم أن تصلي على مولانا محمد ذي القدر

الْعُظِيمِ وَعلى آلِ نبي اللهِ الْعظيم ، بقدرِ
عظمةِ ذاتِ اللهِ العظيم ، في كلِ لمحةٍ ونفسٍ
عَدَدَ ما في علمِ اللهِ الْعظيم
صَلَاةً دائمةً بِدَوامِ اللّهِ الْعظيم
تَعْظِيماً لحقك يا مولانا يا محمد
يا ذا الخلق العظيم
وسلم عليه وعلى آله مثل ذلك
واجمع بيني وبينه كما جمعت بين الروح والنفس
ظاهرا وباطنا يقظة ومناما ، واجعله
يارب روحا لذاتي من جميع الوجود
في الدنيا قبل الآخرة يا عظيم.

سعید احمد بن ادریس فرماتے ہیں کہ صوری (تصویری) طور پر مجھے آپ ﷺ سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ آپ ﷺ کے ساتھ حضرت خضر بھی تھے۔ آنحضرت ﷺ نے حضرت خضر کو حکم دیا کہ مجھے طریقہ شاذلیہ کے وظائف کی تلقین کریں۔ پس انہوں نے مجھے ان وظائف کی تلقین کی پھر آپ ﷺ نے حضرت خضر سے ارشاد فرمایا کہ اب ان کو تمام اذکار اور درود پاک جنکا

انتہائی زیادہ ثواب ہو۔ ان کی تلقین کریں حضرت خضر نے فرمایا کہ وہ کون سے کلمات ہیں جس پر آپ ﷺ نے فرمایا کہ

لا اله الا الله محمد رسول الله فی کل لمحة و نفس عدد ما وسعه علم الله

حضرت خضر نے وہ کلمات کہے ان کے بعد میں نے یہ کلمات ادا کئے آپ ﷺ نے مذکورہ کلمات تین مرتبہ دہرائے پھر کہا کہ کہہ (مذکورہ بالا درود شریف) پھر کہا کہ کہہ

أستغفر الله العظيم الذی لا اله الا هو الحی القيوم غفار الذنوب ذا الجلال والاكرام و اتوب اليه من جميع المعاصی كلها والذنوب والآثام و من كل ذنب اذنبته عمدا و خطا ظاهرا و باطنا قولا و فعلا فی جميع حركاتی و سكناتی و خطراتی و أنفاسی كلها دائما أبدا سرمدا من الذنب الذی أعلم ومن الذنب الذی لا أعلم عدد ما أحاط به العلم و احصاه الكتاب و خطة القلم و عدد ما أوجدته القدرة و خصصته الارادة و مداد كلمات الله كما ينبغی لجلال و جه ربنا و جماله و كماله و كما يحب ربنا و يرضی

ان کلمات کو حضرت خضرؑ نے کہا ان کے بعد میں نے یہ کلمات دہرائے پھر مجھ پر وہ اسرار و رموز منکشف ہوئے جو بیان سے باہر ہیں۔

درود شریف نمبر 32

اللّٰهم صلّ وسلّم وبارك على مولانا محمّدٍ، وعلى آله وعلى جميع الأنبياء والمرسلين، وعلى جبريل وميكائيل واسرافيل وملك الموت وحملة العرش وعلى الملائكة أجمعين وعلى الأولياء والصالحين وعلى جميع عبادك المؤمنين في كلّ لمحة ونفسٍ عدد ما وسعه علمك آمين.

یہ درود پاک درود جبرائیلیہ کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔ حضرت شیخ صالح الجعفریؒ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جس نے ان کلمات کو پڑھا تو روز قیامت اللہ تبارک و تعالیٰ عظیم جزا عطا فرمائیں گے۔

درود شریف نمبر 33

اللّٰهمّ صلّ على سيّدنا محمّدٍ وعلى آله صلاةً تعدل جميع صلوات أهل محبّتك، وسلّم على سيّدنا محمّد وعلى آله سلامًا يعدل سلامهم.

زیارت رسول ﷺ کیلئے یہ درود پاک حضرت شیخ التیجانی کا ہے۔

درود شریف نمبر 34

اللّٰهمّ صلّ أفضل صلواتك التّامات المباركات، وأكمل تسليماتك الزّاكيات الزّاهيات، وأعظم بركاتك العاطرات العابقات، وأشرف رحماتك المتواليات السّاطعات. على سيّدنا ومولانا محمّد وتقبّل منّي أفضل الصّلوات وأشرفها، وأكثرها وأكبرها وأتمّها وأعمّها، وأهناها وأضواها، وأجمعها وأجملها وأكملها، وبارك على حضرته أوفر البركات وأسعدها وأدومها وأعظمها، وأسماها وأزهاها وأحلاها، وأبهاها وأوفاها وأزكاها وأصفاها وأرقاها وأبقاها

سبحان الله

صَلاَةً زَاهِيَةً زَاهِرَةً ، طَاهِرَةً ظَاهِرَةً ، بَاهِرَةً عَامِرَةً ، عَالِيَةً نَامِيَةً ، بَاهِيَةً سَامِيَةً ، شَافِعَةً شَارِحَةً ، رَابِحَةً نَافِحَةً ، صَافِيَةً نَاجِحَةً ، فَائِقَةً تَقِيَّةً ، سَنِيَّةً عَلِيَّةً ، رَائِعَةً زَكِيَّةً ، مَشْمُوْلَةً بِرُوحِ الْحُبِّ الْكَامِلِ وَالْإِخْلَاصِ الشَّامِلِ ، وَالرِّضَا الأَتَمِّ ، وَالْقَبُوْلِ الأَعَمِّ ، وَالثَّوَابِ الْعَمِيْمِ ، وَالنَّعِيْمِ الْمُقِيْمِ.

حضرت شیخ محمد محمود عبدالعلیم فرماتے ہیں کہ میں اپنے اندر اس درود پاک کی عجیب لذت و فرحت محسوس کرتا ہوں۔

درود شریف نمبر 35

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْعِبَادِ وَبِجَاهِهٖ ﷺ بَلِّغْنَا الْمُرَادَ.

مذکورہ بالا درود شریف زیارت نبوی ﷺ کیلئے ہے۔ اسے اللہ تبارک وتعالیٰ نے شریف تیسیر السمہودی پر مواجہہ شریف مسجد نبوی ﷺ میں 1416 ھجری میں الہام فرمایا۔

التماس دعا
برائے مترجم کتابچہ ہذا
خاتمہ بالایمان و بالخیر

خواب میں زیارتِ حبیب ﷺ

حافظ افتخار احمد قادری صاحب اپنی کتاب ''زیارت حبیب ﷺ'' تحفہ کے طور پر عطا کر گئے تو میں نے کتاب اپنے پاس ہی میز پر رکھ لی کہ اس کتاب میں سرکار العالمین کی زیارت کے سلسلہ میں کیا کچھ لکھا ہے اور اپنے آپ کو تیار کرتا رہا کہ ایک دن ساری کتاب کا ہی مطالعہ کرلوں کہ زیارت کیلئے کیا کیا پڑھنا چاہئے اور اس سلسلے میں کوئی آسان طریقہ چن کر اپنا لوں گا۔ چنانچہ چند دن پہلے اپنے آپ کو ذہنی طور پر تیار کیا کہ پوری کتاب ہی پڑھ لوں اور سونے سے پہلے پوری کتاب پڑھ لی۔ جس کے بعد میرے منہ سے یہ کلمات نکلے ''سبحان اللہ'' کتنی پیاری کتاب ہے اور کتنے پیارے اور آسان طریقے بیان کئے ہیں۔ جن میں سے کوئی بھی اپنایا جاسکتا ہے اور اس سلسلہ میں انشاء اللہ باری باری ہر طریقہ اپنانے کی سعی کی جائے گی اور پھر نیند آ گئی۔

اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اسی رات حضور پاک ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی کیا دیکھتا ہوں کہ میں ایک جگہ ایک کمرے میں بیٹھا ہوں اور میرے گرد جو لوگ بیٹھے ہیں ان کے بارے میں میرا یہ تاثر ہے کہ ان سب صاحبان کا روحانیت میں کوئی مقام ہے کہ اتنے میں کوئی صاحب فرماتے ہیں کہ مبارک ہو سرکار العالمین ﷺ تشریف لانے والے ہیں اور ساتھ والے کمرے میں پہنچ چکے ہیں۔ اسی لمحہ کیا دیکھتا ہوں کہ چند نورانی مصاحبوں کے ساتھ جن کو میں پہچان نہ سکا۔ آپ ﷺ ہمارے کمرے میں داخل ہوتے ہیں تو میں حسب معمول اپنے آپ کو کھو دیتا ہوں۔ صرف مصافحہ کچھ یاد پڑتا ہے اور حضور پاک ﷺ محبت کا ہاتھ میرے سر پر پھیرتے ہیں کہ میں سجدہ شکر میں چلا جاتا ہوں۔

از جانب حضور پاک ﷺ کا سپاہی

میجر (ر) امیر افضل

١- استغفر الله – ١٠٠مرة ٢ – لااله إلا الله – ١٠٠مرة

٣ – الله ١٠٠مرة ٤– يالطيف– ١٠٠مرة

٥. اللهم صل وسلم على سيدنا محمد النبي الأمي وآله – عدد١٠٠مرة + ١٠٠٠مرة

٦. (لقد جاءكم رسول من أنفسكم عزيز عليه ماعنتم حريص عليكم بالمؤمنين رؤوف رحيم ، فإن تولو فقل حسبي الله لا اله الا هو علية توكلت وهو رب العرش العظيم) .

آخر سورة التوبة عدد٥٠مرة

٧. يقرأ كتاب دلائل الخيرات ٨. قراءة سورة يس ١ مرة

٩. قراءة سورة الواقعة ١ مرة ١٠.قراءة سورة الملك ١مرة

قرأة سورة الفاتحة لسيدي عبدالقادر الجيلاني

التوجيهات :-

١. عمل مجلس للصلاة على النبي المصطفى صلى الله عليه وسلم / ليلة الجمعه أو يوم الجمعه .
يقرأ فيه كتاب دلائل الخيرات /
يقرأ فيه صلوات النسب الشريف (أقل عدد ١٠٠ فأكثر) تقسم على الأشخاص الموجودين في المجلس
يقرأ فيه أيضا بردة المديح للإمام البوصيري .
يقرأ فيه ختم القرآن الكريم مرة في الشهر .

٢. يُعلق في المجلس صور الآثار النبوية والمواجهة الشريفة والكعبة المشرفة والآيات القرآنية .

٣. العمل على الدعوة لنشر الصلاة على النبي المصطفى صلى الله عليه وسلم / لكل محب للحبيب / والترغيب في ذلك بالصيغة رقم (٥) .

٤. الأشتغال دائماً أبداً بكثرة الصلاة على النبي المصطفى صلى الله عليه وسلم

٥. توجيه العائلة والأولاد والأقارب لكثرة الصلاة على النبي صلى الله عليه وسلم .

مع تمنياتنا لكم بالتوفيق والقبول والفتح والرضا التام بجاه سيد الأنام .
آمين

مريد خادم السيد [illegible] محمد يوسف السهروردي الحسيني [illegible] السيد [illegible] محمد [illegible] الحسيني

المفتي أحمد حافظ قادري
دار [illegible] – الباكستان

شهر رجب ٢٠٠٠م
[illegible]/٧/١٤٢١هـ

No.F.5-6/2013-DBNB
GOVERNMENT OF PAKISTAN
NATIONAL HISTORY & LITERARY HERITAGE DIVISION
NATIONAL LIBRARY OF PAKISTAN

Islamabad 03, April, 2019

Subject:- **ACKNOWLEDGE RECEIPT.**

Dear Sir,

I acknowledge with thanks the receipt of the following books/brochures delivered to National Library of Pakistan under Copyright Law:

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	سال اشاعت	تعداد کتب
-1	زیارات مقدسہ (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	1999	01
-2	سفر نامہ ایران و افغانستان (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2000	01
-3	زیارتِ حبیب ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2000	02
-4	ارشاداتِ مرشد	افتخار احمد حافظ قادری	2001	01
-5	خزانۂ درود و سلام	افتخار احمد حافظ قادری	2001	02
-6	دیارِ حبیب ﷺ (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2001	01
-7	گلدستۂ قصائدِ مبارکہ	افتخار احمد حافظ قادری	2001	02
-8	قصائدِ غوثیہ	افتخار احمد حافظ قادری	2002	01
-9	سرزمینِ انبیاء و اولیاء (تصویری البم)	افتخار احمد حافظ قادری	2002	01
-10	زیارات اولیائے پاکستان (تصویری البم)	افتخار احمد حافظ قادری	2002	01
-11	بارگاہِ غوث الثقلین رضی اللہ عنہ	افتخار احمد حافظ قادری	2002	01
-12	سرکارِ غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ	افتخار احمد حافظ قادری	2002	01
-13	مقاماتِ مبارکہ آل و اصحابِ رسول ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2002	01
-14	زیارات شام (تصویری البم)	افتخار احمد حافظ قادری	2003	01
-15	زیارات شہر رسول ﷺ (تصویری البم)	افتخار احمد حافظ قادری	2003	01
-16	اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف	افتخار احمد حافظ قادری	2003	01
-17	فضیلتِ اہل بیتِ نبوی ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2005	02
-18	زیارات مصر (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2006	01
-19	بارگاہ پیر رومی میں (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2006	01

-20	سفرنامہ زیاراتِ مراکش (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2008	01
-21	زیاراتِ مدینہ منورہ (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2008	01
-22	زیاراتِ ترکی (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2008	01
-23	زیاراتِ اولیائے کشمیر (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2009	01
-24	گلدستہ دُرود وسلام	افتخار احمد حافظ قادری	2009	01
-25	تکمیل الحسنات	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-26	انوار الحق	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-27	خزینۂ دُرود وسلام	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-28	فرموداتِ حضرت داتا گنج بخش رضی اللہ عنہ	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-29	التفکر والاعتبار	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-30	70 صیغہ ہائے دُرود وسلام	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-31	ورفعنا لک ذکرک (92 صیغہ ہائے دُرود وسلام)	افتخار احمد حافظ قادری	2011	01
-32	زیاراتِ ایران (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2012	01
-33	سفرنامہ زیارتِ ترکی (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
-34	کتابچہ حضرت دادا برلاس رحمۃ اللہ علیہ	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
-35	ہدیۂ دُرود وسلام	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
-36	سفرنامہ زیاراتِ عراق واُردن (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
-37	دُرود وسلام کا نادر و انمول انسائیکلوپیڈیا (جلد اول و جلد دوم)	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
-38	سدرۃ شریف تا مدینہ منورہ (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2014	01
-39	شانِ بتول رضی اللہ عنہا بزبانِ رسول ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2014	01
-40	الصلوات الالفیۃ/صلوات النبویۃ	افتخار احمد حافظ قادری	2015	01
-41	شانِ علی رضی اللہ عنہ بزبانِ نبی ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
-42	عظائم الصلوات والتسلیمات	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
-43	شانِ خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم بزبانِ سید المرسلین ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
-44	سیدنا حمزہ بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
-45	الصلوات الالفیۃ بأسماء خیر البریۃ	افتخار احمد حافظ قادری	2017	01
-46	سفرنامہ زیاراتِ ازبکستان	افتخار احمد حافظ قادری	2017	01

01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	شاہِ حبشہ حضرت اصحمۃ النجاشی رضی اللہ عنہ	47-
01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	سفرنامہ زیارتِ ترکی	48-
01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	صلاۃ وسلام برائے زیارت خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم	49-
01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	سفرنامہ زیارت شام	50-
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	سیدنا ابوطالب رضی اللہ عنہ	51-
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	الفیۃ الصلوات علی فخر الموجودات	52-
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	مناقب والدین مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم	53-
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	حیات انور	54-
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	شہزادیٔ کونین علیہا السلام	55-
01	2019	افتخار احمد حافظ قادری	مومنین کی مائیں	56-

2. These valuable books have been added in the National Library Collection. The readers of the Library will get Knowledge and information from these books. I hope that National Library of Pakistan will receive all forthcoming publications in future.

With regards,

Yours sincerely

3/4/2019

(Muhammad Riaz)
Assistant Director/Delivery of Books &
Newspapers Branch

Iftakhar Ahmad Hafiz Qadri,
House 999/A-6, Street No.9,
Afshan Colony,
Rawalpindi Cantt.
Cell: 0344-5009536

مختصر تعارف

افتخار احمد حافظ قادری شاذلی، راولپنڈی

ملازمت

- پاکستان میں موجود غیر ملکی سفارت خانوں (شام، لبنان، قطر، سعودی ملٹری اتاشی) میں تقریباً 20 سال بطور معاون عربی زبان واکاؤنٹس میں خدمات سرانجام دیں۔
- سعودی عرب (وزارت دفاع، ابواب الروضۃ، تیمورک العربیۃ السعودیۃ) میں تقریباً 10 سال بطور معاون عربی زبان واکاؤنٹس میں خدمات سرانجام دیں۔

فوجی اعزازات (ایوارڈز)

- سعودی وزارت دفاع، ریاض میں بطور سعودی یونیفارم پرسن خدمات سرانجام دیں اور دوران ملازمت حکومت سعودیہ کی طرف سے 2 فوجی ایوارڈز سے نوازا گیا۔

لسانیات

- پاکستان میں سعودی عرب کے ثقافتی سنٹر "مرکز تعلیم اللغة العربية" سے عربی زبان کا دوسالہ کورس مکمل کیا۔
- سفارت خانہ ایران کے زیر انتظام ثقافتی سنٹر خانہ فرہنگ ایران سے فارسی زبان کا ایک سالہ ایڈوانس کورس مکمل کیا۔

زیارت مقدسہ کے اسفار

- وطن عزیز میں موجود زیارت مقدسہ کے علاوہ 11 بلاد اسلامیہ (حجاز مقدس/ شام/ مصر/ مراکش/ ایران/ عراق/ اردن/ لبنان/ افغانستان/ ترکی) میں کئی کئی بار زیارت مقدسہ پر حاضری کے لئے طویل ترین سفر طے کئے اور ان سفروں کے نتیجے میں کئی سفرنامے منظر عام پر آئے۔

تحریری کاوشیں

- الحمدللہ! اب تک 60 کے قریب کتب شائع ہو چکی ہیں جن میں بلادِ اسلامیہ میں زیارت مقدسہ کے سفرنامے، شخصیات (خاتون جنت سیدہ فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا، سیدنا علی کرم اللہ وجہہ، سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ، خلفائے اربعہ، شاہ حبشہ) اور درود و سلام کی کتب سرِفہرست ہیں۔

مضامین و مقالات

- روزنامہ نوائے وقت، الاخبار، اوصاف، دی نیشن، مجلہ ضیائے حرم، فیضان سدرۃ، پیغام آشنا، نور الحبیب، کاروانِ قمر، طلوعِ مہر اور آئینہ کرم کے علاوہ دیگر کئی رسائل و جرائد میں 100 سے زائد مضامین و مقالات شائع ہو چکے ہیں۔

عالمی کانفرنسز میں شرکت

- سال 1983 اور سال 1984 میں وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کی طرف سے OIC کے زیرِ انتظام دو بین الاقوامی کانفرنسز میں بطور معاون عربی زبان شرکت کی۔
- اکتوبر 2007 میں سرزمین ایران میں حضرت مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ پر منعقدہ عالمی رومی کانفرنس میں راولپنڈی ڈویژن کی طرف سے شرکت اور مقالہ پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔
- مارچ 2008 میں یونیورسٹی آف سرگودھا میں انٹرنیشنل رومی کانفرنس میں شرکت اور مقالہ پڑھنے کا شرف حاصل ہوا۔

روحانی سعادتیں اور اعزازات کا حصول

- ستمبر 1996 میں 2 بار بیت اللہ شریف کے اندر حاضری کی سعادت عظمیٰ نصیب ہوئی۔
- مرکزی مسجد حضور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ میں 16 اکتوبر 2001 نمازِ فجر کی اذان دینے کی سعادت حاصل ہوئی۔
- مفتی اعظم عراق حضرت الشیخ السید عبدالکریم بیارہ رحمۃ اللہ علیہ کی 2 بار زیارت کا شرف حاصل ہوا، یہ وہ خوش نصیب شخصیت تھیں جنہیں سال 1932ء میں 2 صحابہ اکرام کے مزارات مبارکہ کی منتقلی کے موقع پر ان کی زیارت کا شرف حاصل ہوا تھا۔

25/09/2019

التماسِ دُعا
معزز قارئین کرام سے درخواست ہے
کہ حضور پُر نور خاتم الانبیاء والمرسلین ﷺ کی
اُمتِ مرحومہ کی بخشش و مغفرت اور بلندی
درجات کیلئے دُعا فرمائیں اور بالخصوص
مصنف کتاب ہذا اور اُس کے مرحوم والدین
کریمین کے لئے بھی دُعاؤں کی درخواست
ہے۔ شکریہ
افتخار احمد حافظ قادری

سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت کیلئے
حضرت امام البوصیریؒ کا قصیدہ بردہ شریف پابندی سے پڑھا جائے

مزارِ مبارک حضرت امام شرف الدین البوصیریؒ
(اسکندریہ ۔ مصر)